مدینة جدّنا لا تقبلینا

یہ نوحة کر رہي تھي امّ کلثوم
حزُن حسرات لیکر آئے مظلوم
مدینة جدنا لا تقبلینا
قبول ھمکو نہ کرنا اے مدینة

اے نانا آپکا پیارا نواسا
ھوا ذبح وہ رن میں بھوکا پیاسا
میسّر تھا نہ قطرة آب پینا

خبر کردے نبي کو کوئي جاکر
لٹا کرب و بلاء میں آپکا گھر
تھا دل میں ظالموں کے کتنا کینه

اے نانا ظلم وہ عابد پہ ڈھایا
گلے میں طوق لوھے کا پہنایا
تھا کیسا صبر کرنے کا قرینه

اے نانا نہ رکھي حرمة ھماري
ھمارے سرسے بھي چادر اتاري
چھپائے منھ کو بالو سے حزینه

ادھر مارے گئے جب رن میں سرور
ادھر ڈھر آئے سب خیموں کے اندر
میرا زیور ستمگارو نے چھینا

اے نانا ننھي شہزادي كي بوندے
لعيں نے كان زخمي كر كے چھينے
طمانچے رخ پہ كھاتي ھے سكينة

ہمارا قصہء حال سننے والو
ہمارے حال پر جي بھر كے رولو
كيسي كا حال ايسا ھو كبھي نہ

محمد شه كا دامن تھام كر ھي
كنارے قدس كے پہنچيگے ھم بھي
ھے دعوة يہ نجاتي كا سفينة

عزادار آؤ مولى كي دعاء لے
غم سرور ميں ايك آنسو بہالے
مليگا آٹھ جنّة كا خزينة